4۔ دو متشابہ کے رقبے 144cm^2 اور 81cm^2 ہیں۔ اگر بڑی مثلث کے قاعدہ کی لمبائی 30 cm ہو تو چھوٹی مثلث کے متناظرہ قاعدہ کی لمبائی معلوم کریں۔

5۔ دو مخروطوں کے حجموں میں نسبت $125 : 64$ ہے۔ کیا نسبت ہوگی۔

(i) ان کی اونچائی میں (ii) قاعدے کے رقبوں میں

6۔ دیے گئے متشابہ اجسام میں نامعلوم مقداریں معلوم کریں۔



7۔ دو متشابہ بوتلیں اس طرح سے ہیں کہ ایک کی اونچائی دوسری کا دوگنا ہے۔ ان کی سطح کے رقبوں اور ان کی گنجائش میں نسبت معلوم کریں۔

8۔ تین متشابہ پینے والے گلاسوں کی اونچائیاں 7.5 cm ، 9 cm اور 10.5 cm ہیں۔ اگر سب سے بڑے گلاس میں 343 ملی میٹر گنجائش ہے تو باقی دو گلاسوں کی گنجائش معلوم کریں۔

9۔ دی گئی شکل میں x ، y اور z کی قیمتیں معلوم کریں۔



تفصیلی سوالات کے جوابات کے لئے دیکھیں "کیمبرج سیریز شرح آل ان ون ریاضی 9"

(Composed By)
Muhammad Ali Photostate Zwl
0322-6681871 https://muhammadaliphotostate.com/

CamScanner

تعامل کے گراف

کثیر الانتخابی سوالات

1۔ درست جواب کا انتخاب کریں۔

1۔ $x = 5$ ظاہر کرتا ہے:

(a) x- محور (b) y- محور (c) x- محور کے متوازی خط (d) y- محور کے متوازی خط

2۔ خط $y = 5x + 3$ کی ڈھلوان ہے:

(a) 3 (b) -3 (c) 5 (d) -5

3۔ $y = -2x - 1$ کا y قاطع ہے:

(a) -2 (b) 2 (c) -1 (d) 1

4۔ $y = x^3$ کا گراف x- محور کو _____ پر کاٹتا ہے۔

(a) $x = 0$ (b) $x = 1$ (c) $x = -1$ (d) $x = 2$

5۔ 3^x کا گراف ظاہر کرتا ہے:

(a) افزائش (b) انحطاط (c) دونوں a اور b (d) خط کو

6۔ $y = -x^2 + 5$ کا گراف کھلتا ہے:

(a) اوپر کی طرف (b) نیچے کی طرف (c) بائیں کی طرف (d) دائیں طرف

7۔ $y = x^2 - 9$ کا گراف کھلتا ہے:

(a) اوپر کی طرف (b) نیچے کی طرف (c) بائیں کی طرف (d) دائیں طرف

8۔ $y = 5^x$ _____ تعامل ہے۔

(a) یک درجی (b) دو درجی (c) سہ درجی (d) قوت نمائی

9۔ معکوس تعامل ہے۔

(a) $y = 7^x$ (b) $y = \frac{2}{x}$ (c) $y = 2x^2$ (d) $y = 5x^3$

10۔ $y = -3x^3 + 7$ _____ تعامل ہے۔

(a) قوت نمائی (b) سہ درجی (c) یک درجی (d) معکوس

11۔ یک درجی تعامل کی عام شکل ہے۔

(a) $f(x) = mx + c$ (b) $f(x) = ax^2 + bx + c$
(c) $f(x) = ax^3 + bx^2 + cx + d$ (d) $f(x) = ke^{2x}$

12۔ یک درجی تعامل $y = 3x - 5$ میں، ڈھلوان 'm' کیا ہے؟

(a) 5 (b) 3 (c) -3 (d) -5

13۔ سہ رقمی تعامل کی معیاری شکل۔

(a) $y = ax^3 + bx^2 + cx + d$ (b) $y = ax^2 + bx + c$
(c) $y = ax + b$ (d) ان میں سے کوئی نہیں

14۔ معکوس تعامل کی عمومی شکل کیا ہے؟

(a) $y = ax + b$ (b) $y = ax^2 + bx + c$
(c) $y = \frac{a}{x}$ (d) $y = x^3$

(Composed By)
Muhammad Ali Photostate Zwl
0322-6681871 https://muhammadaliphotostate.com/
CamScanner

15۔ $y = 2^x$ کس قسم کا تفاعل ہے؟

(a) قوت نمائی (b) یک درجی (c) دو درجی (d) سہ درجی

جوابات

1	y- محور کے متوازی خط	2	5	3	-1	4	$x = 0$
5	افزائش	6	نیچے کی طرف	7	اوپر کی طرف	8	قوت نمائی
9	$y = \frac{2}{x}$	10	سہ درجی	11	$f(x) = mx + c$	12	3
13	$y = ax^3 + bx^2 + cx + d$	14	$y = \frac{a}{x}$	15	قوت نمائی		

یونٹ نمبر 10

تعاقل کے گراف

مختصر سوالات

مشق 10.1

1۔ یک درجی تفاعل کی عام شکل کیا ہے؟

جواب: یک درجی تفاعل ایک ریاضیاتی اظہار ہے جو دو متغیرات کے درمیان خط مستقیم کے تعلق کو ظاہر کرتا ہے۔ اس کی عام شکل $f(x) = mx + c$ ہوتی ہے جہاں "m" خط کی ڈھلوان ہے یہ بتاتا ہے کہ کتنی عمودی ڈھلوان ہے اور "c" y- قاطع ہے۔

2۔ ہم ایک یک درجی تفاعل y- قاطع کا تعین کیسے کر سکتے ہیں؟

جواب: y- قاطع وہ نقطہ ہے جہاں تفاعل y- محور کو عبور کرتا ہے، جو اس وقت ہوتا ہے جب $x = 0$ ہوتا ہے۔

3۔ دو درجی تفاعل کی عام شکل کیا ہے؟

جواب: دو درجی تفاعل کی عام شکل درج ذیل ہے: $y = ax^2 + bx + c$

جہاں a ، b ، c مستقل مقداریں ہیں اور $a \neq 0$

4۔ معکوس تفاعل کیا ہوتا ہے؟

جواب: معکوس تفاعل درج ذیل شکل کا تفاعل ہوتا ہے: $y = \frac{k}{x}$ جہاں k کوئی مستقل عدد ہے اور $x \neq 0$

5۔ قوت نمائی تفاعل کیا ہے؟

جواب: قوت نمائی تفاعل اس شکل کا ایک ریاضیاتی تفاعل ہوتا ہے $y = a^x$ جہاں a مستقل مقدار ہیں، x متغیر ہے اور $a > 1$

6۔ گراف بنائیں۔ $y = 3^{-x}$ ، x کی قدروں 2- سے 4 تک

حل:

$y = 3^{-x}$ ، x کی قدروں 2- سے 4 تک

$y = 3^{-x}$

$y = 3^{-(-2)} = 3^2 = 9$

$y = 3^{-(-1)} = 3^1 = 3$

$y = 3^{-0} = 3^0 = 1$

$y = 3^{-1} = \frac{1}{3} = 0.3$

$y = 3^{-2} = \frac{1}{3^2} = \frac{1}{9} = 0.1$

$y = 3^{-3} = \frac{1}{3^3} = \frac{1}{27} = 0.04$

$y = 3^{-4} = \frac{1}{3^4} = \frac{1}{81} = 0.01$

(Composed By)
Muhammad Ali Photostate Zwl
0322-6681871 https://muhammadaliphotostate.com/
CamScanner

$y = 2x^2 - 7x - 9$ کا گراف پیرابولا (parabola) کو ظاہر کرتا ہے اور اوپر کی طرف کھلتا ہے۔ یہ y- قاطع کو $(0, -9)$ اور x- قاطع $(-1, 0)$ اور $(4.5, 0)$ پر قطع ہے۔

9- $-3 \le x \le 3$ کے لیے درج ذیل سہ رقمی تفاعل کا گراف بنائیں۔ $y = -x^3$

حل :

x اور y کی قیمتیں جدول میں دی گئی ہیں اور نیچے اس کا گراف بنایا گیا ہے۔

x	$y = -x^3$
−3	27
−2	8
−1	1
0	0
1	−1
2	−8
3	−27



منحنی خط مبدا سے گزرتا ہے۔

10- یک درجی تفاعل کا گراف بنائیں۔ $y = 3x - 5$

حل :

$y = 3x - 5$

x	−3	−2	−1	0	1	2	3
y	−14	−11	−8	−5	−2	1	4



11- $y = 2x - 1$ کا گراف بنائیں۔

حل:

یک درجی تفاعل کا گراف بنانے کے لیے ہم اس کے x- قاطع اور y- قاطع معلوم کرتے ہیں۔

$x = 0$ درج کرنے سے $y = -1$ حاصل ہوتا ہے۔ اس طرح $(0, -1)$ y- قاطع ہے۔

$y = 0$ درج کرنے سے $x = \frac{1}{2}$ حاصل ہوتا ہے۔ اس طرح $\left(\frac{1}{2}, 0\right)$ x- قاطع ہے۔

یہ گراف ایک خط مستقیم ہے جو دائیں طرف بڑھتا ہے کیونکہ ڈھلوان مثبت ہے۔



x	0	1/2
y	−1	0

(Composed By)
Muhammad Ali Photostate Zwl
0322-6681871 https://muhammadaliphotostate.com/

CamScanner

درج ذیل جدول x کی متعدد قیمتوں اور ان قیمتوں سے دیے گئے تفاعل کو حل کر کے حاصل ہونے والی قیمتوں کو ظاہر کرتا ہے۔

x	y	(x, y)
−2	9	(−2, 9)
−1	3	(−1, 3)
0	1	(0, 1)
1	0.3	(1, 0.3)
2	0.1	(2, 0.1)
3	0.04	(3, 0.04)
4	0.01	(4, 0.01)



7۔ ایک ہی شکل میں $y = x^2$ اور $y = -x^2$ کے گراف بنائیں۔

حل :

درج ذیل جدول x کی مختلف قیمتوں کو ظاہر کرتا ہے اور دیے گئے تفاعل کو ان قیمتوں پر جانچا جاتا ہے۔

x	$y = x^2$	$y = -x^2$
−3	$(-3)^2 = 9$	−9
−2	$(-2)^2 = 4$	−4
−1	$(-1)^2 = 1$	−1
0	$(0)^2 = 0$	0
1	$(1)^2 = 1$	−1
2	$(2)^2 = 4$	−4
3	$(3)^2 = 9$	−9



(i) $y = x^2$ کا گراف پیرابولا (parabola) کو ظاہر کرتا ہے جو کہ مبدا سے گزرتا ہے اور اوپر کی طرف کھلتا ہے۔

(ii) $y = -x^2$ کا گراف بھی پیرابولا (parabola) کو ظاہر کرتا ہے جو کہ مبدا سے گزرتا ہے اور نیچے کی طف کھلتا ہے۔

8۔ $-3 \le x \le 6$ کے لیے $y = 2x^2 - 7x - 9$ کا گراف بنائیں۔

حل :

x اور y کی قیمتیں جدول میں دی گئی ہیں اور نیچے اس کا گراف بنایا گیا ہے:

x	y
−3	30
−2	13
−1	0
0	−9
1	−14
2	−15
3	−12
4	−5
5	6
6	21



(Composed By)
Muhammad Ali Photostate Zwl
0322-6681871 https://muhammadaliphotostate.com/

CamScanner

3۔ تفاعل کا گراف بنائیں۔ $y = 5^{-x}$

حل:

$y = 5^{-x}$

x	−3	−2	−1	0	1	2	3
y	125	25	5	1	0.2	0.04	0.008



ایونٹ نمبر 10 — تعاقل کے گراف

تفصیلی سوالات

1۔ یک درجی تفاعل کا گراف بنائیں۔ $y = -2x + 8$

2۔ دو درجی اور سہ درجی تفاعل کا گراف بنائیں۔ $y = 5x^2 - 2x - 3$

3۔ دیے گئے تفاعل کا گراف بنائیں۔ $y = 5^{-x}$

4۔ $-6 \le x \le 6$ کے لیے قوت نمائی تفاعل کا گراف $y = 2^x$ بنائیں۔

5۔ $-3 \le x \le 6$ کے لیے $y = 2x^2 - 7x - 9$ کا گراف بنائیں۔

6۔ $-3 \le x \le 3$ کے لیے درج ذیل سہ رقمی تفاعل کا گراف بنائیں۔ $y = -x^3$

7۔ $-2 \le x \le 3$ کے لیے $y = 2x^3 - 3x^2 + x - 5$ کا گراف بنائیں۔

8۔ معکوس تفاعل کا گراف بنائیں: $y = \frac{1}{x - 0.5}, \ x \neq 0.5$

9۔ گراف بنائیں $y = x^{\frac{1}{2}}$

تفصیلی سوالات کے جوابات کے لئے دیکھیں "کیمبرج سیریز شرح آل ان ون ریاضی 9"

ایونٹ نمبر 11 — لوسائی اور بناوٹ

کثیر الانتخابی سوالات

1۔ درست جواب کا انتخاب کریں۔

1۔ ایک مثلث بنائی جا سکتی ہے۔ اگر کسی دو اضلاع کا مجموعہ تیسرے ضلع کی پیمائش سے _____ ہو۔

(a) کم (b) زیادہ (c) برابر (d) زیادہ اور برابر

2۔ ایک متساوی الاضلاع مثلث _____ :

(a) متساوی الساقین ہو سکتی ہے (b) قائمۃ الزاویہ ہو سکتی ہے

(c) منفرجہ زاویہ ہو سکتی ہے (d) اس کا ہر زاویہ $50°$ کا ہوتا ہے۔

(Composed By)
Muhammad Ali Photostate Zwl
0322-6681871 https://muhammadaliphotostate.com/

CamScanner

3۔ الروزاویوں کا مجموعہ 90° سے کم ہو، تو مثلث _____ ہوتی ہے۔

(a) قسادی الاضلاع (b) حادہ زاویہ (c) منفرجہ زاویہ (d) قائمہ زاویہ

4۔ وہ قطعہ خط جو ایک مثلث کے ضلع کے وسطی نقطہ کو مخالف راس سے ملاتا ہے، کہلاتا ہے:

(a) وسطانیہ (b) عمودی ناصف (c) زاویہ کا ناصف (d) دائرہ

5۔ مثلث کے ناصف کے زاویے _____ پر قطع کرتے ہیں۔

(a) ایک نقطہ (b) دو نقاط (c) تین نقاط (d) چار نقاط

6۔ تمام نقاط کا لوکس جو کسی معین نقطہ سے برابر فاصلے پر ہو _____ کہلاتا ہے۔

(a) دائرہ (b) عمودی ناصف (c) زاویہ کا ناصف (d) متوازی خطوط

7۔ نقاط کا لوسائی جو دو معین نقاط سے برابر فاصلے پر ہوں، _____ کہلاتا ہے۔

(a) دائرہ (b) عمودی ناصف (c) زاویہ کا ناصف (d) متوازی خطوط

8۔ نقاط کا لوسائی جو کسی معین خط سے برابر فاصلے پر ہوں، _____ کہلاتا ہے۔

(a) دائرہ (b) عمودی ناصف (c) زاویہ کا ناصف (d) متوازی خطوط

9۔ نقاط کا لوسائی جو دو باہم ملتے خطوط سے برابر فاصلے پر ہوں، _____ کہلاتا ہے۔

(a) دائرہ (b) عمودی ناصف (c) زاویہ کا ناصف (d) متوازی خطوط

10۔ تمام نقاط کا سیٹ جو کسی معین نقطہ B سے 2 km سے زیادہ کے فاصلے پر ہوں ایک دائرے کے باہر کا علاقہ جس کا رداس _____ اور مرکز B ہوتا ہے۔

1 km (a) 1.9 km (b) 2 km (c) 2.1 km (d)

11۔ کسی مثلث میں اضلاع کے عمودی ناصف کا نقطہ تقاطع کہلاتا ہے۔

(a) محصور (اندرونی) مرکز (b) مرکز نما (c) محاصرہ (بیرونی) مرکز (d) عمودی مرکز

12۔ مثلث میں اگر ایک زاویہ 90° کی مقدار زیادہ ہو تو مثلث کونسی قسم کی ہوگی؟

(a) حادہ زاویہ (b) قائمۃ زاویہ (c) منفرجہ زاویہ (d) مساوی الساقین

13۔ مثلث کے تمام وسطانیے جس نقطہ پر ملتے ہیں اسے کہتے ہیں۔

(a) بیرونی مرکز (b) اندرونی مرکز (c) مرکزی (d) عمودی مرکز

14۔ دیے گئے نقطہ سے یکساں فاصلہ کو کیا کہتے ہیں؟

(a) عمودی ناصف (b) دائرہ (c) زاویہ کا ناصف (d) قطع خط

15۔ مثلث کا عمودی مرکز ہوتا ہے۔

(a) مثلث کے ارتفاع کا نقطہ تقاطع (b) اضلاع کے عمودی ناصف

(c) وسطانیے کا نقطہ تقاطع (d) زاویوں کے ناصف کا نقطہ تقاطع

16۔ مثلث کے تینوں زاویوں کے ناصف کا تقاطع کہلاتا ہے۔

(a) عمودی مرکز (b) مرکز نما (c) محاصرہ مرکز (d) محصور مرکز

(Composed By)
Muhammad Ali Photostate Zwl
0322-6681871 https://muhammadaliphotostate.com/

CamScanner

17۔ مساوی الاضلاع مثلث _____ زاویہ مثلث ہوتی ہے۔

(a) منفرجہ (b) قائمہ (c) حادہ (d) ان میں کوئی نہیں

18۔ زاویوں کے لحاظ سے مثلث کی اقسام ہوتی ہے۔

(a) 2 (b) 3 (c) 4 (d) 5

19۔ ایسی مثلث جس کے تمام اضلاع اور زاویے متماثل ہوں کہلاتی ہے۔

(a) قائمہ زاویہ (b) مساوی الساقین (c) مساوی الاضلاع (d) مختلف الاضلاع

20۔ مثلث کے اندرونی زاویوں کا مجموعہ

(a) 180° (b) 360° (c) 90° (d) 120°

جوابات

1	زیادہ	2	متساوی الساقین ہو سکتی ہے	3	منفرجہ زاویہ	4	وسطانیہ
5	ایک نقطہ	6	دائرہ	7	عمودی ناصف	8	متوازی خطوط
9	زاویہ کا ناصف	10	2 km	11	محاصرہ (بیرونی) مرکز	12	منفرجہ زاویہ
13	مرکزی	14	دائرہ	15	مثلث کے ارتفاع کا نقطہ تقاطع	16	محصور مرکز
17	حادہ	18	3	19	مساوی الاضلاع	20	180°

یونٹ نمبر 11

لوسائی اور بناوٹ

مختصر سوالات

مشق 11.1

1۔ مثلث کیا ہوتی ہے؟

جواب: مثلث ایک بند شکل ہے جس کے تین اضلاع اور تین زاویے ہوتے ہیں۔

2۔ مثلث کی بناوٹ بیان کریں۔

جواب: ہم درج ذیل صورتوں میں مثلث بناتے ہیں۔

(a) جب تینوں اضلاع کی پیمائش دی گئی ہو۔

(b) جب دو اضلاع اور ان کا درمیانی زاویہ دیا گیا ہو۔

(c) جب ایک ضلع اور دو زاویوں کی پیمائش دی گئی ہو۔

(d) جب دو اضلاع اور اُن میں سے ایک کے متقابلہ زاویے کی پیمائش دی گئی ہے۔

3۔ عمودی ناصف کیا ہوتے ہیں؟

جواب: عمودی ناصف ایک ایسا خط ہے جو ایک قطعہ خط کو قائمہ زاویہ پر قطع کرتا ہے اور اس کو دو برابر حصوں میں تقسیم کرتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں ، یہ قطعہ خط کو اس کے وسطی نقطہ (Mid point) پر قطع کرتا ہے اور اس کے ساتھ قائمہ زاویہ بناتا ہے۔

4۔ مثلث کے وسطانیہ کی تعریف لکھیں۔

جواب: مثلث کا وسطانیہ ایک ایسا قطعہ خط ہوتا ہے جو مثلث کے کسی راس کو مخالف ضلع کے درمیانی نقطہ سے ملاتا ہے۔

5۔ ہم نقطہ خطوط کی تعریف لکھیں۔

جواب: دو یا دو سے زیادہ نقاط ایک ہی نقطہ میں سے گزرے ہم نقطہ خطوط کہلاتے ہیں۔

6۔ مثلث کے محاصرہ (بیرونی) مرکز کی تعریف لکھیں۔

جواب: مثلث کے اضلاع کے عمودی ناصف کے ہم نقطہ کو محاصرہ مرکز کہتے ہیں۔

7۔ مثلث کے سنٹرائڈ (مرکز نما) کی تعریف لکھیں۔

جواب: مثلث کے وسطانیوں کے ہم نقطہ کو مثلث کا مرکز نما کہا جاتا ہے۔

8۔ زاویہ کے ناصف کی تعریف لکھیں۔

(Composed By)
Muhammad Ali Photostate Zwl
0322-6681871 https://muhammadaliphotostate.com/
CamScanner

جواب: مثلث کے زاویہ کا ناصف وہ خط یا شعاع ہوتی ہے جو ایک زاویہ کو دو برابر حصوں میں تقسیم کر کے دو چھوٹے زاویے بناتی ہے۔

9۔ مثلث کا اندرونی (محصور) مرکز کی تعریف لکھیں۔

جواب: مثلث کے زاویوں کے ناصف جس نقطہ پر ملتے ہیں اُسے مثلث کا محصور مرکز کہا جاتا ہے۔

10۔ مثلث کا ارتفاع کیا ہوتا ہے؟

جواب: ارتفاع ایک شعاع ہے جو مثلث کے راس سے اِس کے مخالف ضلع پر عمود ہوتی ہے۔ مثلث کے تین ارتفاع ہوتے ہیں۔ جو ایک ہی نقطہ پر ملتے ہیں یعنی مثلث کے ارتفاع ہم آہنگ ہوتے ہیں۔

11۔ مثلث کا آرتھوسنٹر (عمودی مرکز) کیا ہوتا ہے؟

جواب: مثلث کے ارتفاع جس نقطہ پر ہم نقطہ ہوتے ہیں عمودی مرکز کہلاتا ہے۔

12۔ مثلث کی بناوٹ میں مبہم صورت لکھیں۔

جواب: مبہم صورت اس وقت وقوع پذیر ہوتی ہے۔ جب ہمیں دو اضلاع اور ان میں سے ایک کا مخالف زاویہ $90°$ سے کم دیا جاتا ہے۔

13۔ مساوی الاضلاع کی تعریف لکھیں۔

جواب: ایسی مثلث جس کے تمام اضلاع لمبائی میں برابر ہوں مساوی الاضلاع مثلث کہلاتی ہے۔ اس کے تمام اندرونی تمام زاویے بھی مساوی ہوتے ہیں اور ہر زاویے کی مقدار $60°$ ہوتی ہے۔

14۔ مساوی الساقین مثلث کی تعریف لکھیں۔

جواب: ایسی مثلث جس کے دو اضلاع لمبائی میں برابر ہوں جبکہ تیسرا ضلع مختلف ہو مساوی الساقین مثلث کہلاتی ہے۔

15۔ مختلف الاضلاع کی تعریف لکھیں۔

جواب: ایسی مثلث جس کے تمام اضلاع لمبائی میں برابر نہ ہوں مختلف الاضلاع مثلث کہلاتی ہے۔ اس کے تمام اندرونی تمام زاویے مقدار میں برابر نہیں ہوتے۔

16۔ حادہ زاویہ مثلث کی تعریف لکھیں۔

جواب: ایسی مثلث جس کے تینوں اندرونی زاویے $90°$ سے کم ہوں حادہ زاویہ مثلث کہلاتی ہے۔

17۔ منفرجہ زاویہ مثلث کی تعریف لکھیں۔

جواب: ایسی مثلث جس کا ایک اندرونی زاویہ $90°$ سے زیادہ ہو لیکن $180°$ سے کم ہو منفرجہ زاویہ مثلث کہلاتی ہے۔

18۔ قائمہ زاویہ مثلث کی تعریف لکھیں۔

جواب: ایسی مثلث جس کا ایک اندرونی زاویہ $90°$ ہو قائمۃ الزاویہ مثلث کہلاتی ہے۔ قائمہ زاویہ کے سامنے والا ضلع وتر کہلاتا ہے جو کہ مثلث کا سب سے بڑا ضلع ہوتا ہے۔

19۔ دائرہ کی تعریف لکھیں۔

جواب: ایک نقطہ کا لوسائی جو کسی معین نقطہ سے مستقل فاصلہ پر ہو، دائرہ کہلاتا ہے۔

20۔ مثلث بنائیں جب کہ تین اضلاع کی پیمائش دی گئی ہو۔ ایک مثلث بنائیں جس کے اضلاع کی پیمائش 5.3 cm ، 5.9 cm اور 6.2 cm ہو۔

حل:

مدارج عمل:

(i) ایک قطعہ خط AB ، 5.3 cm کھینچا۔

(ii) پرکار کی مدد سے A اور B کو مرکز مان کر بالترتیب 5.9 cm اور 6.2 cm رداس کی دو قوسیں کھینچی۔

(iii) یہ دونوں قوسیں ایک دوسرے کو نقطہ C پر قطع کرتی ہیں۔

(iv) A اور B کو C سے ملایا۔



پس ΔABC مطلوبہ مثلث ہے۔

21۔ مثلث بنائیں جب کہ دو اضلاع کی پیمائش اور ان کا درمیانی زاویہ دیا گیا ہو۔ ایک مثلث BCD بنائیں جس میں دو اضلاع کی لمبائیاں 5.5 cm اور 4.2 cm ہوں اور ان کا درمیانی زاویہ $60°$ ہو۔

(Composed By)
Muhammad Ali Photostate Zwl
0322-6681871 https://muhammadaliphotostate.com/

CamScanner

حل :

مدارج عمل:



(i) ایک قطعہ خط BC کھینچیں جس کی لمبائی 5.5 cm ہو۔

(ii) نقطہ B پر پرکار کی مدد سے 60° کا زاویہ کھینچیں اور اِس زاویہ سے شعاع BX کھینچیں۔

(iii) نقطہ B کو مرکز مان کر 4.2 cm رداس کی ایک قوس کھینچیں جو شعاع BX کو نقطہ D پر قطع کرے۔

(iv) C کو D سے ملائیں۔

پس ΔBCD مطلوبہ مثلث ہے۔

22۔ مثلث بنائیں جب کہ ایک ضلع کی لمبائی اور دو زاویوں کی پیمائش دی گئی ہو۔ ایک مثلث CDE بنائیں جب $m\overline{DE} = 4.3$ cm ، $m\angle D = 30°$ اور $m\angle E = 120°$ ہو۔

حل :

مدارج عمل:



(i) $m\overline{DE} = 4.3$ cm کھینچیں۔

(ii) پرکار کی مدد سے D اور E پر بالترتیب 30° اور 120° کے زاویے کھینچیں۔ دونوں زاویوں کے راسوں D اور E سے دو شعاعیں کھینچیں۔

(iii) یہ دونوں شعاعیں ایک دُوسرے کو نقطہ C پر قطع کرتی ہیں۔

لہٰذا ΔCDE مطلوبہ مثلث ہے۔

23۔ مثلث بنائیں جب کہ دو اضلاع اور اُن میں سے ایک کے مخالف زاویے کی پیمائش دی گئی ہو

دی گئی دو صورتوں پر غور کریں:

(i) اگر ایک زاویہ کی پیمائش 90° سے زیادہ اِس کے برابر ہو۔

(ii) اگر زاویہ کی پیمائش 90° سے کم ہو۔

ایک مثلث DEF بنائیں جب $m\overline{DE} = 6$ cm ، $m\angle D = 110°$ اور $m\overline{EF} = 9$ cm ہو۔

حل :

مدارج عمل:



(i) $m\overline{DE} = 6$ cm کھینچیں۔

(ii) پروٹریکٹر کی مدد سے $m\angle D = 110°$ بنایا اور اِس زاویہ سے شعاع $\overrightarrow{DX}$ کھینچی۔

(iii) نقطہ E کو مرکز مان کر 9 cm رداس کی ایک قوس لگائی جو $\overrightarrow{DX}$ کو نقطہ پر قطع کرے۔

(iv) E اور F کو ملائیں۔

لہٰذا ΔDEF مطلوبہ مثلث ہے۔

اگر دیا گیا مخالف زاویہ منفرجہ ہو تو صرف ایک مثلث ممکن ہوتی ہے۔

(Composed By)

Muhammad Ali Photostate Zwl

0322-6681871 https://muhammadaliphotostate.com/

CamScanner

لوسائی اور بناوٹ

تفصیلی سوالات

یونٹ نمبر 11

1۔ دی گئی پیمائشوں سے ΔABC بنائیں اور تصدیق کریں کہ مثلث کے عمودی ناصف ہم نقطہ ہوتے ہیں:

$m\overline{AB} = 7.1$ cm, $m\angle B = 135°$ اور $m\overline{BC} = 6.5$ cm

2۔ دی گئی پیمائشوں سے ΔABC بنائیں اور تصدیق کریں کہ مثلث کے عمودی ناصف ہم نقطہ ہوتے ہیں:

$m\overline{AB} = 5$ cm, $m\overline{BC} = 6$ cm اور $m\overline{AC} = 7$ cm

3۔ دی ہوئی پیمائشوں سے ΔLMN بنائیں اور تصدیق کریں کہ اس کے وسطانیے ہم نقطہ ہیں۔

$m\overline{MN} = 4.8$ cm, $m\angle N = 30°$ اور $m\overline{LM} = 8.1$ cm

4۔ دی ہوئی پیمائشوں سے ΔLMN بنائیں اور تصدیق کریں کہ اس کے وسطانیے ہم نقطہ ہیں۔

$m\overline{LM} = 4.9$ cm, $m\angle L = 51°$ اور $m\angle M = 38°$

5۔ مثلث DEF کی پیمائش دی گئی ہیں $m\overline{DE} = 4.8$ cm ، $m\overline{EF} = 4$ cm اور $m\angle E = 45°$ مثلث DEF کے عمود کھینچیں اور عمودی مرکز معلوم کریں۔

6۔ تصدیق کریں کہ درج ذیل پیمائشوں سے ΔABC کے زاویوں کے ناصف ہم نقطہ ہوتے ہیں۔

$m\overline{AB} = 6$ cm, $m\angle A = 150°$ اور $m\angle B = 60°$

تفصیلی سوالات کے جوابات کے لئے دیکھیں "کیمبرج سیریز شرح آل ان ون ریاضی (9)"

معلوماتی معاملات

کثیر الانتخابی سوالات

یونٹ نمبر 12

1۔ درست جواب کا انتخاب کریں۔

1۔ کون سا مواد صرف مخصوص اقدار لیتا ہے؟

(a) مسلسل مواد (b) غیر مسلسل مواد (c) گروہی مواد (d) غیر گروہی مواد

2۔ مواد میں کسی قدر کے وقوع پذیر ہونے کی تعداد کو کہا جاتا ہے۔

(a) تعدد (b) متوقع تعدد (c) جماعتی حد (d) حقیقی جماعتی حد

3۔ درمیانی نقطہ جانا جاتا ہے۔

(a) حسابی اوسط (b) وسطانیہ (c) جماعتی حد (d) جماعتی نشان

4۔ تعددی کثیر الاضلاع کو استعمال کرتے ہوئے بنایا جاتا ہے:

(a) کالمی نقشہ (b) بار گراف (c) حقیقی جماعتی حدود (d) سعت

5۔ سب سے بڑی مد اور سب سے چھوٹی مد کے درمیان فرق کو کہا جاتا ہے۔

(a) جماعتی حدود (b) درمیانی نقطہ (c) نسبتی تعدد (d) سعت

6۔ مرکزی رجحان کی پیمائش معلوم کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے:

(a) حقیقی جماعتی حدود (b) مجموعی تعدد (c) درمیانی قدر (d) تعدد

7۔ اگر 5، 7، 8، 9 اور x کا حسابی اوسط 7.5 ہو تو x کی قدر کیا ہوگی؟

(a) 10 (b) 8 (c) 8.5 (d) 5.8

(Composed By)
Muhammad Ali Photostate Zwl
0322-6681871 https://muhammadaliphotostate.com/

CamScanner

حل :

4, 6, 10, 12, 15, 20, 25, 28, 30

مواد:

$\Sigma x = 4+6+10+12+15+20+25+28+30$
$= 150$
$n = 9$
$\bar{X} = ?$

فارمولہ کا استعمال کرنے سے:

$$\bar{X} = \frac{\Sigma x}{n}$$

قیمت درج کرنے سے:

$$\bar{X} = \frac{150}{9}$$
$$\bar{X} = 16.67$$

22۔ ہر ایک کا حسابی اوسط معلوم کریں۔

8, 10, 12, 14, 16, 20, 22

حل :

8, 10, 12, 14, 16, 20, 22

مواد:

$\Sigma x = 8 + 10 + 12 + 14 + 16 + 20 + 22$
$= 102$
$n = 7$
$\bar{X} = ?$

فارمولہ کا استعمال کرنے سے:

$$\bar{X} = \frac{\Sigma x}{n}$$

قیمت درج کرنے سے:

$$\bar{X} = \frac{102}{7}$$
$$\bar{X} = 14.57$$

23۔ درج ذیل میں 10 مزدوروں کی اُجرتیں (روپوں میں) ہیں۔

88, 70, 72, 125, 115, 95, 81, 90, 95, 90

حسابی اوسط معلوم کریں۔

حل :

حسابی اوسط

مواد:

$\Sigma x = 88+70+72+125+115+95+81+90+95+90$
$= 921$
$n = 10$
$\bar{X} = ?$

فارمولہ کا استعمال کرنے سے:

$$\bar{X} = \frac{\Sigma x}{n}$$

قیمت درج کرنے سے:

$$\bar{X} = \frac{921}{10}$$
$$\bar{X} = 92.1$$

24۔ 45 مدات کا حسابی اوسط 80 ہے۔ ان کا مجموعہ معلوم کریں۔

حل :

$n = 45$
$\bar{X} = 80$
$\Sigma x = ?$

ہم جانتے ہیں کہ:

فارمولہ کا استعمال کرنے سے:

$$\bar{X} = \frac{\Sigma x}{n}$$

قیمتیں درج کرنے سے:

$\bar{X} \cdot n = \Sigma x$
$80 \times 45 = \Sigma x$
$\Sigma x = 3600$

25۔ عثمان نے آٹھ مرتبہ دو ڈائس پھینکے۔ ہر دفعہ ان کے مجموعہ کا ریکارڈ کر لیا گیا 8, 5, 6, 6, 9, 4, 3, 11۔ ان کے مجموعہ کا وسطانیہ اور عادہ معلوم کریں۔

حل :

مواد کو ترتیب صعودی میں لکھنے سے:

3, 4, 5, 6, 6, 8, 9, 11

$n = 10$ چونکہ مدات کی تعداد جفت ہے اس لیے

$$\text{وسطانیہ } (\tilde{X}) = \frac{1}{2}\left(\text{ویں قدر } \frac{n}{2} + \text{ویں قدر } \left(\frac{n+2}{2}\right)\right)$$

$$\text{وسطانیہ } (\tilde{X}) = \frac{1}{2}\left(\text{ویں قدر } \frac{10}{2} + \text{ویں قدر } \left(\frac{10+2}{2}\right)\right)$$
$$= \frac{1}{2}[\text{6ویں قدر} + \text{5ویں قدر}]$$
$$\bar{X} = \frac{1}{2}[6+6]$$
$$\bar{X} = \frac{1}{2} \times 12$$
$$\bar{X} = 6$$

(Composed By)
Muhammad Ali Photostate Zwl
✆ 0322-6681871 https://muhammadaliphotostate.com/

CamScanner

8۔ دیے گئے مواد کا عادہ معلوم کریں: 2, 5, 8, 9, 0, 1, 3, 7, 10

(a) 5 (b) 7 (c) 0 (d) کوئی عادہ نہیں

9۔ کسی سلسلہ یا مواد میں وہ قیمت جو سب سے زیادہ مرتبہ آئے کہلاتی ہے:

(a) حسابی اوسط (b) عادہ (c) وسطانیہ (d) اوزانی اوسط

10۔ دیے گئے مواد کا وسطانیہ معلوم کریں: 110, 125, 122, 130, 124, 127, 120

(a) 124 (b) 120 (c) 125 (d) 127

11۔ غیر مسلسل کی کون سی مثال ہے؟

(a) طلبہ کے قد (b) طلبہ کا وزن (c) فروخت شدہ کتابوں کی تعداد (d) شہر کا درجہ حرارت

12۔ اعداد و شمار کے لئے کیا اصطلاح ہے جو کسی مخصوص وقفے میں ہر ممکنہ قیمت لے سکتی ہے؟

(a) غیر مسلسل مواد (b) مسلسل مواد (c) گروہی مواد (d) غیر گروہی مواد

13۔ مواد کی سعت کیا ہوگی اگر سب سے بڑی مد 136 اور سب سے چھوٹی مد 30 ہو؟

(a) 106 (b) 166 (c) 96 (d) 136

14۔ بالائی جماعتی حدود اور زیریں جماعتی حدود کے درمیان فرق کے لئے کیا اصطلاح ہے؟

(a) جماعتی سائز (b) جماعتی حدود (c) جماعتی وقفہ (d) جماعتی تعداد

15۔ جماعتی حدود 14-10 میں زیریں جماعتی حد ہے۔

(a) 9.5 (b) 10 (c) 12 (d) 146

16۔ کالمی نقشہ کیا ہے؟

(a) متصل مستطیلوں کا گراف (b) گراف جو لائنوں کو ملائیں (c) پائی گراف (d) بار گراف

17۔ پہلے 20 مکمل اعداد کا عادہ:

(a) 0 (b) 20 (c) 19 (d) عادہ کوئی نہیں

18۔ دیے گئے مواد 5, 8, 12, 13, 16, 18, 20 میں وسطانیہ کیا ہے؟

(a) 12 (b) 13 (c) 16 (d) 18

19۔ حسابی اوسط کو ظاہر کیا جاتا ہے۔

(a) $\bar{X}$ (b) $\bar{X}$ (c) $\hat{X}$ (d) SD

20۔ مجموعہ کے لیے علامت:

(a) ≅ (b) Σ (c) % (d) ~

جوابات

1	غیر مسلسل مواد	2	تعدد	3	جماعتی نشان	4	کالمی نقشہ
5	سعت	6	درمیانی قدر	7	8:5	8	کوئی عادہ نہیں
9	عادہ	10	124	11	فروخت شدہ کتابوں کی تعداد	12	مسلسل مواد
13	106	14	جماعتی سائز	15	10	16	متصل مستطیلوں کا گراف
17	عادہ کوئی نہیں	18	13	19	$\bar{X}$	20	Σ

(Composed By)
Muhammad Ali Photostate Zwl
0322-6681871 https://muhammadaliphotostate.com/
CamScanner

مشق 12.1

1۔ غیر مسلسل مواد کیا ہے؟

جواب: یہ صرف چند مخصوص قدریں لے سکتا ہے۔ غیر مسلسل مواد کو لکھنے کے لیے مکمل اعداد استعمال کیے جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر ایک دکان دار کی طرف سے فروخت کردہ کتب کی تعداد، ایک ہفتے میں ہسپتال جانے والے مریضوں کی تعداد وغیرہ یہ مواد صرف گنتی سے حاصل کیا جاتا ہے۔

2۔ مسلسل مواد کیا ہے؟

جواب: یہ ایک مقررہ وقفہ میں ہر ممکنہ قدر لے سکتا ہے۔ مسلسل مواد لکھنے کے لیے اعشاری اعداد استعمال کیے جاتے ہیں۔ یہ مواد صرف پیمائش کر کے حاصل کیا جاتا ہے۔ جیسا کہ جماعت میں طلبہ کی کمیت۔

3۔ غیر گروہی مواد کی تعریف لکھیں۔

جواب: وہ مواد جو کسی منظم ترتیب (گروپس یا کلاسز) میں ترتیب نہ دیا گیا ہو اسے غیر گروہی مواد کہا جاتا ہے۔

4۔ گروہی مواد کی تعریف لکھیں۔

جواب: اگر ہم مواد کو گروہوں یا جماعتوں میں ترتیب دیں تو اسے گروہی مواد کہا جاتا ہے۔

5۔ تعددی تقسیم کی تعریف لکھیں۔

جواب: ایک جدول میں مدات کی اس تعداد کو جو کسی جماعتی حد یا گروپ کے بالمقابل آتی ہو اسے تعددی تقسیم کہا جاتا ہے۔

6۔ جماعتی حدود کی تعریف لکھیں۔

جواب: ہر جماعت یا گروہ میں دو قیمتیں ہوتی ہیں۔ ایک چھوٹی اور دوسری بڑی۔ اس گروہ (جماعت) کی چھوٹی قیمت کو زیریں (نچلی) جماعتی حد اور بڑی قیمت کو بالائی جماعتی حد کہتے ہیں۔

7۔ ٹیلی مارکس کیا ہے؟

جواب: ٹیلی مارکس عمودی بار کا استعمال کرتے ہوئے اعداد و شمار کو ریکارڈ کرنے اور پیش کرنے کا طریقہ ہے۔

8۔ فریکونسی (تعدد) کی تعریف لکھیں۔

جواب: مواد میں بار بار آنے والی قیمت کو اس قیمت کی فریکونسی (تعدد) کہتے ہیں۔ اسے "f" سے ظاہر کرتے ہیں۔

9۔ حقیقی جماعتی حدود کی تعریف لکھیں۔

جواب: کسی جماعت / گروہ میں حقیقی زیریں جماعتی حد اور حقیقی بالائی جماعتی حد کو حقیقی جماعتی حدود کہا جاتا ہے۔

10۔ کالمی نقشہ کیا ہے؟

جواب: xy۔ مستوی پر بنائی گئی ملحقہ مستطیلوں کا گراف ہے۔ کالمی نقشہ، بار گراف کے مشابہ ہے۔ لیکن یہ تعددی تقسیم کے لیے بنایا جاتا ہے۔

11۔ تعددی تقسیم کو ظاہر کرنے کے لیے گراف کی کتنی اقسام ہوتی ہیں؟

جواب: تعددی تقسیم کو گراف پر ظاہر کرنے کے لیے درج ذیل اقسام کے گراف استعمال کیے جاتے ہیں۔

(i) کالمی نقشہ (ii) تعددی کثیر الاضلاع

12۔ تعددی کثیر الاضلاع کی تعریف لکھیں۔

جواب: تعددی کثیر الاضلاع ایک جیومیٹریکل بند شکل ہے جو تعددی تقسیم کو گرافی طور پر ظاہر کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ تعددی تقسیم کے خطی گراف کو تعددی کثیر الاضلاع کہا جاتا ہے جس میں تعددات کو ان کے درمیانی نقاط کے ساتھ ظاہر کیا جاتا ہے۔

13۔ درمیانی نقطہ یا کلاس مارک کی تعریف لکھیں۔

جواب: درمیانی نقطہ زیریں جماعتی حدود اور بالائی جماعتی حدود کی اوسط قدر ہے۔ درمیانی نقطہ کو جماعتی نشان بھی کہا جاتا ہے۔ درمیانی نقطہ کو دیے گئے کلیہ سے معلوم کیا جاتا ہے۔

$$\text{درمیانی نقطہ} = \frac{\text{بالائی جماعتی حد} + \text{زیریں جماعتی حد}}{2}$$

مشق 12.2

14۔ مرکزی رجحان کے پیمانے لکھیں۔

جواب: مرکزی رجحان کے پیمانے درج ذیل ہیں۔

(i) حسابی اوسط (ii) وسطانیہ

(iii) عادہ (iv) اوزانی اوسط

(Composed By)
Muhammad Ali Photostate Zwl
0322-6681871 https://muhammadaliphotostate.com/
CamScanner

15۔ حسابی اوسط کی تعریف لکھیں۔

جواب: اس کی تعریف یوں کی جاتی ہے کہ متغیر کی وہ قیمت جو تمام مدات کے مجموعہ کو مدات کی تعداد سے تقسیم کرنے سے حاصل ہوتی ہے۔

پس ایک سلسلہ $x_1, x_2, x_3, \ldots x_n$ میں حسابی اوسط کو $\bar{X}$ سے ظاہر کیا جاتا ہے اور اسے یوں معلوم کیا جاتا ہے۔

$$\bar{X} = \frac{x_1 + x_2 + x_3 + \ldots + x_n}{n} = \frac{\Sigma x}{n}$$ (برا اور است کلیہ)

یہاں Σ علامت مجموعہ کو ظاہر کرتی ہے اور n مدات کی تعداد کو ظاہر کرتا ہے۔

16۔ وسطانیہ کی تعریف لکھیں۔

جواب: وسطانیہ ترتیب شدہ (صعودی یا نزولی ترتیب) مواد کی بالکل درمیانی قدر ہوتی ہے۔ وسطانیہ وہ قدر ہے جو مواد کو دو برابر حصوں میں تقسیم کر دے۔ یعنی مواد کا 50 فی صد وسطانی قدر سے پہلے اور 50 فی صد وسطانی قدر کے بعد ہوتا ہے۔ وسطانیہ کو $\tilde{X}$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

17۔ عادہ کی تعریف لکھیں۔

جواب: کسی سلسلہ یا مواد میں وہ قیمت جو سب سے زیادہ مرتبہ آئے عادہ کہلاتی ہے۔ یہ سب سے عام قدر ہوتی ہے عادہ کو $\hat{X}$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

18۔ سعد کے چھ ٹیسٹوں میں حاصل کردہ نمبر 84, 91, 72, 68, 87, 78 تھے۔ اس کے نمبروں کا حسابی اوسط معلوم کریں۔

حل:

مواد:

$\Sigma x = 84 + 91 + 72 + 68 + 67 + 78$
$= 480$
$n = 6$
$\bar{X} = ?$

فارمولہ کا استعمال کرنے سے:

$$\bar{X} = \frac{\Sigma x}{n}$$

قیمتیں درج کرنے سے:

$$\bar{X} = \frac{480}{6}$$

$\bar{X} = 80$ نمبر

پس، نمبرات کی حسابی اوسط 80 ہے۔

19۔ ایک طالب علم کے پانچ امتحانات میں نمبر 64، 75، 81، 87، 90 تھے۔ نمبروں کا حسابی اوسط معلوم کریں۔

حل:

مواد:

$\Sigma x = 64 + 75 + 81 + 87 + 90 = 397$
$n = 5$
$\bar{X} = ?$

فارمولہ کا استعمال کرنے سے:

$$\bar{X} = \frac{\Sigma x}{n}$$

قیمتیں درج کرنے سے:

$$\bar{X} = \frac{397}{5}$$

$\bar{X} = 79.4$ نمبر

20۔ ایک حکومت ایک سکول کے نیچے دیے گئے پانچ شعبوں کے لیے 200,000 روپے کے فنڈز مختص کرتی ہے۔

(i) سکول لائبریری : 35,000 روپے
(ii) کھیل کی سہولت : 25,000 روپے
(iii) پارکنگ کی جگہ : 40,000 روپے
(iv) کمروں کی مرمت : 45,000 روپے
(v) فرنیچر : 55,000 روپے

سکول کے ہر شعبے میں فنڈز مختص کرنے کی اوسط معلوم کریں۔

حل:

ہر شعبے کی اوسط معلوم کرنے کے لیے ہم دیے گئے مواد کی اوسط معلوم کریں گے۔

مواد:

$\Sigma x = 35000 + 25000 + 40000 + 45000 + 55000$
$= 200000$
$n = 5$
$\bar{X} = ?$

فارمولہ کا استعمال کرنے سے:

$$\bar{X} = \frac{\Sigma x}{n}$$

قیمتیں درج کرنے سے:

$$\bar{X} = \frac{200000}{5}$$

$\bar{X} = 40,000$ روپے

اوسطاً ہر شعبہ 40,000 روپے کے فنڈز لیتا ہے۔

21۔ ہر ایک کا حسابی اوسط معلوم کریں۔

4, 6, 10, 12, 15, 20, 25, 28, 30

(Composed By)
Muhammad Ali Photostate Zwl
0322-6681871 https://muhammadaliphotostate.com/

CamScanner

8۔ نسبتی تعدد (relative frequency) کیا ہے؟

جواب: نسبتی تعدد ہمیں بتاتی ہے کہ کیسے ایک مخصوص واقعہ کل تعداد کے مقابلے میں کتنی مرتبہ پیش آتا ہے۔ اس کو درج ذیل طریقہ سے معلوم کیا جاتا ہے۔

$$\text{نسبتی تعدد} = \frac{\text{مخصوص وقفہ کی تعداد}}{\text{کل تعداد}} = \frac{x}{N}$$

جب کہ $N = \Sigma f$

9۔ متوقع فریکوئنسی کی تعریف لکھیں اور اس کا فارمولہ لکھیں۔

جواب: متوقع تعدد ایسا پیمانہ ہے جس سے اندازا لگایا جاتا ہے کہ احتمال پر منحصر کوئی واقعہ کتنی مرتبہ پیش آنا چاہیے۔

متوقع تعدد = کل تجربات کی تعداد × واقعہ کا احتمال

$= N \times P(A)$

10۔ ڈائس (پانسہ) پھینکنے سے جفت عدد کا احتمال کیا ہے؟

حل:

ڈائس (پانسہ) پھینکنے پر جفت اعداد $E = \{2, 4, 6\}$

$P(E) = \frac{3}{6} = \frac{1}{2}$

11۔ تاش کے پتوں سے بادشاہ نہ آنے کا احتمال کیا ہے؟

حل:

تاش کے پتوں میں 4 بادشاہ ہوتے ہیں۔

$P(K') = 1 - P(K)$

$= 1 - \frac{4}{52} = \frac{48}{52} = \frac{12}{13}$

12۔ دو ڈائس پھینکنے پر 6 آنے کا احتمال کیا ہے؟

حل:

$S = \{6, 6\}$

$P(S) = \frac{1}{36}$

13۔ دو ڈائس (پانسہ) پھینکنے پر 7 کا مجموعہ آنے کا احتمال کیا ہے؟

حل:

موافق جوڑے ہیں جو کہ کل 6 ہیں۔

$S = \{(1,6), (2,5), (3,4), (4,3), (5,2), (6,1)\}$

$P(S) = \frac{6}{36} = \frac{1}{6}$

14۔ ایک صراحی میں 10 سرخ گیندیں، 5 سبز گیندیں اور 8 نیلی گیندیں ہیں۔

بے ترتیب چناؤ کرتے ہوئے احتمال معلوم کریں:

(i) سبز گیند ہو (ii) سُرخ گیند ہو

حل:

سرخ گیندوں کی تعداد $= 10$

سبز گیندوں کی تعداد $= 5$

نیلی گیندوں کی تعداد $= 8$

برتن میں گیندوں کی کل تعداد $= 10 + 5 + 8 = 23$

$n(S) = 23$

(i) سبز گیند ہو

فرض کریں "G" ایک سبز گیند کے انتخاب کا ایونٹ ہے۔

سبز گیندوں کی تعداد $= 5$

$n(G) = 5$

$p(G) = \frac{n(G)}{n(S)} = \frac{5}{23}$

پس، ایک سبز گیند کے انتخاب کا امکان $\frac{5}{23}$ ہے۔

(ii) سُرخ گیند ہو

فرض کریں "R" ایک سرخ گیند کے انتخاب کا ایونٹ ہے۔

سرخ گیندوں کی تعداد $= 10$

$n(R) = 10$

$p(R) = \frac{n(R)}{n(S)} = \frac{10}{23}$

پس، ایک سرخ گیند کے انتخاب کا امکان $\frac{10}{23}$ ہے۔

15۔ تین سکے ایک ساتھ اچھالے گئے۔ احتمال معلوم کریں اگر:

(i) تین ہیڈ ہوں

حل:

جب تین سکے اکٹھے اچھالے گئے تو سیمپل سپیس ہیں۔

$S = \{HHH, HHT, HTH, HTT, THH, THT, TTH, TTT\}$

(ii)

$n(S) = 8$

(Composed By)
Muhammad Ali Photostate Zwl
0322-6681871 https://muhammadaliphotostate.com/

CamScanner

14۔ جب ایک سکہ اچھالا جائے تو سیمپل اسپیس ہوگا۔

{H, T} (d) {1, 2, 3, 4} (c) {1, 2, 3} (b) {A, B} (a)

15۔ ایونٹ (واقعہ) A کا کمپلیمنٹ ہے۔

P(A and B) (d) P(A') (c) P(A) (b) P(S) (a)

جوابات

1	سیمپل نقطہ	2	موافق نتیجہ	3	نسبتی تعدد	4	نسبتی تعدد
5	$\frac{1}{13}$	6	احتمال	7	ممکنہ واقعہ	8	6^4
9	$\frac{1}{36}$	10	$\frac{2}{13}$	11	$P(A) = \frac{n(A)}{n(S)}$	12	سیمپل اسپیس
13	$\frac{1}{2}$	14	{H, T}	15	P(A')		

احتمال

مختصر سوالات

پورڈ بسبہ 13

مشق 13.1

1۔ احتمال (probability) کی تعریف لکھیں۔

جواب: احتمال کسی خاص واقعہ کے وقع پذیر ہونے کا امکان ہے؟ احتمال کو دیے ہوئے کلیہ کی مدد سے معلوم کیا جاتا ہے۔

$$\text{احتمال} = \frac{\text{موافق نتائج کی تعداد}}{\text{ممکنہ نتائج کی کُل تعداد}}$$

اسے یوں لکھا جاتا ہے $P(A) = \frac{n(A)}{n(S)}$

$P(A)$ = واقعہ A کا احتمال ،

$n(A)$ = موافق نتائج کی تعداد ،

$n(S)$ = ممکنہ نتائج کی کُل تعداد

2۔ احتمال (probability) میں ایک تجربہ کیا ہے؟

جواب: وہ عمل جو نتائج پیدا کرتا ہے۔ مثلاً سکہ اچھالنا، ڈائس (dice) کا پھینکنا وغیرہ کو تجربہ کہا جاتا ہے۔

3۔ نتائج (outcome) کیا ہے؟

جواب: کسی تجربہ کے حاصل کو نتائج کہتے ہیں۔ مثلاً سکہ اچھالنے کے ممکنہ نتائج ہیڈ اور ٹیل ہوتے ہیں۔ ڈائس کو پھینکنے کے ممکنہ نتائج 1، 2، 3، 4، 5 اور 6 ہوتے ہیں۔

4۔ موافق نتیجہ (favorable outcome) کیا ہے؟

جواب: ایک ایسا نتیجہ جو اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ ہم کتنی بار واقعہ رونما ہونے کی توقع کرتے ہیں۔ مثلاً سکہ اچھالنے کے وقت ایک موافق نتیجہ رونما ہوتا ہے ہیڈ یا ٹیل۔ جب کہ ڈائس پھینکنے کے وقت 2 کے اضعاف کے تین نتائج ہوتے ہیں جیسا کہ {2, 4, 6}۔

5۔ سیمپل اسپیس کی تعریف لکھیں۔

جواب: سیمپل اسپیس (Sample Space)

ایک تجربہ کے تمام ممکنہ نتائج کے سیٹ کو سیمپل اسپیس کہتے ہیں۔ اِس کو "S" سے ظاہر کرتے ہیں۔

مثال کے طور پر جب سکہ اچھالتے ہیں تو سیمپل اسپیس $S = \{H, T\}$ ہوگی۔ جب ڈائس پھینکا جاتا ہے

تو سیمپل اسپیس $S = \{1, 2, 3, 4, 5, 6\}$ ہوگی۔

6۔ ایونٹ (واقعہ) کیا ہوتا ہے۔

جواب: کسی تجربہ کے نتائج کے سیٹ کو واقعہ کہا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر ڈائس پھینکتے وقت جفت عدد کا رونما ہونا ایک واقعہ کہا جاتا ہے۔

جیسا کہ $A = \{2, 4, 6\}; n(A) = 3$

7۔ کسی ایونٹ (واقعہ) کے کمپلیمنٹ سے کیا مراد ہے؟

جواب: ایونٹ (واقعہ) A کے کمپلیمنٹ کو A' یا $\bar{A}$ سے ظاہر کرتے ہیں۔ یہ A نہ آنے والے نتائج پر مشتمل ہوتا ہے۔

$P(\bar{A}) = 1 - P(A)$ یا $P(A') = 1 - P(A)$

(Composed By)
Muhammad Ali Photostate Zwl
0322-6681871 https://muhammadaliphotostate.com/
CamScanner

(i) تین ہیڈ ہوں

فرض کریں "A" بالکل تین ہیڈز کے برابر آنے کا ایونٹ ہے۔

$A = \{HHH\}$

$n(A) = 1$

$P(A) = \frac{n(A)}{n(S)} \Rightarrow \frac{1}{8}$

پس، بالکل تین ہیڈز آنے کے امکان $\frac{1}{8}$ ہے۔

16۔ ارشد ایک ڈائس پھینکتا ہے۔ جس کے اطراف میں L, M, N, O, P, U درج ہو۔ ڈائس پر صحیح حرف آنے کا احتمال کیا ہے؟

حل :

$S = \{L, M, N, O, P, U\}$

$A = \{L, M, N, P\}$

$n(S) = 6$

$n(A) = 4$

$P(A) = \frac{n(A)}{n(S)}$

$P(A) = \frac{4}{6}$

$P(A) = \frac{2}{3}$

17۔ "MATHEMATICS" کے لفظ سے بے ترتیب ایک حرف تہجی منتخب کیا گیا ہے۔ احتمال معلوم کریں جب کہ وہ:

(i) حروف علت ہو (ii) حروف صحیح ہو

حل :

S = الفاظ = MATHEMATICS

$n(S) = 11$

(i) حروف علت ہو

A = حروف علت

$A = \{A,E,A,I\}$

$n(A) = 4$

$P(A) = \frac{n(A)}{n(S)}$

$P(A) = \frac{4}{11}$

(ii) حروف صحیح ہو

3 = حروف صحیح

$B = \{M,T,H,M,T,C,S\}$

$n(B) = 7$

$P(B) = \frac{n(B)}{n(S)}$

$P(A) = \frac{7}{11}$

18۔ دو ڈائس کو 500 دفعہ پھینکا گیا، اگر مجموعہ 8 سے زیادہ ہو تو متوقع تعداد کیا ہوگی؟

حل :

جب دو ڈائس پھینکے جاتے ہیں تو سیمپل سپیس

$n(S) = 36$

فرض کیا دو ڈائسوں پر مجموعہ 8 سے زیادہ ہونے کا ایونٹ "A" ہے۔

$A = \{(3,6),(4,5),(4,6),(5,4),(5,5),(5,6),(6,3),(6,4),(6,5),(6,6)\}$

$n(A) = 10$

$P(A) = \frac{n(A)}{n(S)} \Rightarrow = \frac{10}{36}$

$= \frac{5}{18}$

ایونٹ کا امکان × تجربوں کی کل تعداد = متوقع تعداد

$E(A) = N \times P(A)$

$= 500 \times \frac{5}{18}$

$= \frac{2500}{18} \Rightarrow \cong 139$

19۔ عبدالرحیم ایک ڈائس پھینکتا ہے۔ 3 پر تقسیم ہونے والے عدد کا احتمال کیا ہوتا ہے؟

حل :

جب ڈائس پھینکا جاتا ہے تو سیمپل اسپیس ہوگی۔

$S = \{1, 2, 3, 4, 5, 6\}$; $n(S) = 6$

فرض کریں واقعہ "A" 3 پر تقسیم ہونے والا عدد ہے۔

$A = \{3, 6\}$; $n(A) = 2$

$P(A) = \frac{n(A)}{n(S)} = \frac{2}{6} = \frac{1}{3}$

پس 3 پر تقسیم ہونے والے عدد کا احتمال $\frac{1}{3}$ ہے۔

(Composed By)
Muhammad Ali Photostate Zwl
0322-6681871 https://muhammadaliphotostate.com/
CamScanner

(i) تین ہیڈ ہوں

فرض کریں "A" بالکل تین ہیڈز کے برابر آنے کا ایونٹ ہے۔

$A = \{HHH\}$

$n(A) = 1$

$P(A) = \frac{n(A)}{n(S)} \Rightarrow \frac{1}{8}$

پس، بالکل تین ہیڈز آنے کے امکان $\frac{1}{8}$ ہے۔

16۔ ارشد ایک ڈائس پھینکتا ہے۔ جس کے اطراف میں L, M, N, O, P, U درج ہو۔ ڈائس پر صحیح حرف آنے کا احتمال کیا ہے؟

حل:

$S = \{L, M, N, O, P, U\}$

$A = \{L, M, N, P\}$

$n(S) = 6$

$n(A) = 4$

$P(A) = \frac{n(A)}{n(S)}$

$P(A) = \frac{4}{6}$

$P(A) = \frac{2}{3}$

17۔ "MATHEMATICS" کے لفظ سے بے ترتیب ایک حرف تہجی منتخب کیا گیا ہے۔ احتمال معلوم کریں جب کہ وہ:

(i) حروف علت ہو (ii) حروف صحیح ہو

حل:

$S =$ الفاظ $=$ MATHEMATICS

$n(S) = 11$

(i) حروف علت ہو

$A =$ حروف علت

$A = \{A,E,A,I\}$

$n(A) = 4$

$P(A) = \frac{n(A)}{n(S)}$

$P(A) = \frac{4}{11}$

(ii) حروف صحیح ہو

$3 =$ حروف صحیح

$B = \{M,T,H,M,T,C,S\}$

$n(B) = 7$

$P(B) = \frac{n(B)}{n(S)}$

$P(A) = \frac{7}{11}$

18۔ دو ڈائس کو 500 دفعہ پھینکا گیا، اگر مجموعہ 8 سے زیادہ ہو تو متوقع تعداد کیا ہوگی؟

حل:

جب دو ڈائس پھینکے جاتے ہیں تو سیمپل سپیس

$n(S) = 36$

فرض کیا دو ڈائسوں پر مجموعہ 8 سے زیادہ ہونے کا ایونٹ "A" ہے۔

$A = \{(3,6),(4,5),(4,6),(5,4),(5,5),(5,6),(6,3),(6,4),(6,5),(6,6)\}$

$n(A) = 10$

$P(A) = \frac{n(A)}{n(S)} \Rightarrow = \frac{10}{36}$

$= \frac{5}{18}$

ایونٹ کا امکان × تجربوں کی کل تعداد = متوقع تعداد

$E(A) = N \times P(A)$

$= 500 \times \frac{5}{18}$

$= \frac{2500}{18} \Rightarrow \cong 139$

19۔ عبدالرحیم ایک ڈائس پھینکتا ہے۔ 3 پر تقسیم ہونے والے عدد کا احتمال کیا ہوتا ہے؟

حل:

جب ڈائس پھینکا جاتا ہے تو سیمپل اسپیس ہوگی۔

$S = \{1, 2, 3, 4, 5, 6\}$; $n(S) = 6$

فرض کریں واقعہ "A" 3 پر تقسیم ہونے والا عدد ہے۔

$A = \{3, 6\}$; $n(A) = 2$

$P(A) = \frac{n(A)}{n(S)} = \frac{2}{6} = \frac{1}{3}$

پس 3 پر تقسیم ہونے والے عدد کا احتمال $\frac{1}{3}$ ہے۔

(Composed By)
Muhammad Ali Photostate Zwl
0322-6681871 https://muhammadaliphotostate.com/
CamScanner

$\bar{X} = 6$

2۔ کرکٹ کے ایک کھلاڑی نے درج ذیل دوڑیں بنائیں۔

8, 12, 18, 13, 16, 5, 20 دوڑوں کا وسطانیہ معلوم کریں۔

ل :

ڈوں کو ترتیب صعودی میں لکھیں۔

5, 8, 12, 13, 16, 18, 20

ں کہ $n = 7$ طاق ہے اِس لیے

$$\text{وسطانیہ } (\tilde{X}) = \left(\frac{n+1}{2}\right)^{th} \text{ ویں قدر}$$

$$= \left(\frac{7+1}{2}\right)^{th} \text{ ویں قدر} = 4^{th} \text{ چوتھی قدر} = 13$$

ا دیے گئے مواد کا وسطانیہ 13 ہے۔

2۔ درج ذیل میں 12 طلبہ کے قد (انچوں میں) ہیں۔ وسطانی قد معلوم کریں۔

55, 53, 54, 58, 60, 61, 62, 56, 57, 51, 63

ل :

لباء کے قدموں کی بلندی کو ترتیب صعودی میں لکھنے سے:

51, 52, 53, 54, 55, 56, 57, 58, 60, 61, 62, 63

چونکہ مدات کی تعداد جفت ہے یعنی $n = 12$

ں،

$$\text{وسطانیہ } (\tilde{X}) = \frac{1}{2}\left(\text{ویں قدر} + \frac{n}{2} \text{ ویں قدر}\left(\frac{n+2}{2}\right)\right)$$

$$\text{وسطانیہ } (\tilde{X}) = \frac{1}{2}\left(\text{ویں قدر} + \frac{12}{2} \text{ ویں قدر}\left(\frac{12+2}{2}\right)\right)$$

$$= \frac{1}{2}[7\text{ویں قدر} + 6\text{ویں قدر}]$$

$$\tilde{X} = \frac{1}{2}[56+57]$$

$$\tilde{X} = \frac{1}{2} \times 113$$

$$\tilde{X} = 56.5$$

پس، 56.5 انچ مواد کا وسطانیہ ہے۔

28۔ درج ذیل میں 10 مزدوروں کی اُجرتیں (روپوں میں) ہیں۔

88, 70, 72, 125, 115, 95, 81, 90, 95, 90

وسطانیہ معلوم کریں۔

ل :

وسطانیہ

مزدوروں کی کمائی کو ترتیب صعودی میں لکھنے سے

70, 72, 81, 88, 90, 90, 95, 95, 115, 125

مشاہدات کی تعداد جفت ہے۔ $n = 10$

پس،

$$\text{وسطانیہ } (\tilde{X}) = \frac{1}{2}\left(\text{ویں قدر} + \frac{n}{2} \text{ ویں قدر}\left(\frac{n+2}{2}\right)\right)$$

$$\text{وسطانیہ } (\tilde{X}) = \frac{1}{2}\left(\text{ویں قدر} + \frac{10}{2} \text{ ویں قدر}\left(\frac{10+2}{2}\right)\right)$$

$$= \frac{1}{2}[6\text{ویں قدر} + 5\text{ویں قدر}]$$

$$\tilde{X} = \frac{1}{2}[90+90]$$

$$\tilde{X} = \frac{1}{2} \times 180$$

$$\tilde{X} = 90$$

29۔ درج ذیل میں 10 مزدوروں کی اُجرتیں (روپوں میں) ہیں۔

88, 70, 72, 125, 115, 95, 81, 90, 95, 90

عادہ معلوم کریں۔

حل :

عادہ

سب سے زیادہ بار آنے والی قدر

$\bar{X} = 90, 95$

30۔ پانچ مداتِ اس طرح ہیں: 1, 4, 0, 7, 9 ان کا حسابی اوسط، وسطانیہ اور عادہ معلوم کریں۔

حل :

1, 4, 0, 7, 9

حسابی اوسط:

مواد:

$\Sigma x = 1+4+0+7+9 = 21$

$n = 5$

$\bar{X} = ?$

فارمولہ کا استعمال کرنے سے:

$$\bar{X} = \frac{\Sigma x}{n}$$

قیمتیں درج کرنے سے:

$$\bar{X} = \frac{21}{5}$$

$$\bar{X} = 4.2$$

وسطانیہ

مواد کو ترتیب صعودی میں لکھنے سے:

0, 1, 4

(Composed By)
Muhammad Ali Photostate Zwl
0322-6681871 https://muhammadaliphotostate.com/
CamScanner

احتمال

کثیر الانتخابی سوالات

1۔ درست جواب کا انتخاب کریں۔

1۔ سیمپل اسپیس کا ہر رکن کہلاتا ہے:

(a) واقعہ (b) تجربہ (c) سیمپل نقطہ (d) نتائج

2۔ ایک نتیجہ جو اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ ہم کتنی بار واقعہ کے وقوع پذیر ہونے کی توقع کرتے ہیں کہلاتا ہے:

(a) نتائج (b) موافق نتیجہ (c) سیمپل اسپیس (d) سیمپل نقطہ

3۔ ہمیں کس سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک مخصوص واقعہ کُل تعداد کے مقابلے میں کتنی بار آتا ہے؟

(a) متوقع تعداد (b) نسبتی تعداد کا مجموعہ (c) نسبتی تعداد (d) تعداد

4۔ کسی واقعہ کے وقوع پذیر ہونے کا متوقع احتمال اس طرح بھی جانا جاتا ہے۔

(a) نسبتی تعداد (b) متوقع تعداد (c) حقیقی جماعتی حدود (d) متوقع تعداد کا مجموعہ

5۔ 52 تاش کے کارڈز (پتوں) سے سرخ دل کھینچنے کا احتمال (probability) ہے۔

(a) $\frac{1}{13}$ (b) $\frac{1}{4}$ (c) $\frac{1}{2}$ (d) $\frac{1}{26}$

6۔ کسی خاص واقعہ کے وقوع پذیر ہونے کا امکان کہلاتا ہے:

(a) سیمپل اسپیس (b) متوقع احتمال (c) احتمال (d) متوقع تعداد

7۔ ایسا واقعہ جو رونما ہوگا اور اسکے ہونے کا امکان زیادہ ہو کہلاتا ہے:

(a) مساوی ممکنہ واقعہ (b) ممکنہ واقعہ (c) غیر ممکنہ واقعہ (d) یقینی واقعہ

8۔ جب چار ڈائس پھینکے جاتے ہیں تو سیمپل اسپیس کی کُل تعداد معلوم کریں۔

(a) 6^2 (b) 6^3 (c) 6^4 (d) 6^6

9۔ اگر ڈائس کا جوڑا پھینکا جائے تو دو بار 2 آنے کا احتمال کیا ہوگا؟

(a) $\frac{1}{6}$ (b) $\frac{1}{3}$ (c) $\frac{5}{6}$ (d) $\frac{1}{36}$

10۔ تاش کے 52 پتوں میں سے ایک پتہ منتخب کیا، غلام اور بادشاہ آنے کا کیا احتمال ہوگا؟

(a) $\frac{2}{13}$ (b) $\frac{11}{13}$ (c) $\frac{2}{52}$ (d) $\frac{11}{52}$

11۔ احتمال (probability) معلوم کرنے کا فارمولہ کیا ہے؟

(a) $P(A) = \frac{n(A)}{n(S)}$ (b) $P(A) = \frac{n(S)}{n(A)}$

(c) $P(A) = n(A) \times n(S)$ (d) $P(A) = n(S) - n(A)$

12۔ کسی تجربے کے تمام ممکنہ نتائج کا سیٹ ہوتا ہے۔

(a) سیمپل اسپیس (b) واقعہ (c) نتیجہ (d) احتمال

13۔ سکہ اچھالتے وقت ہیڈ حاصل کرنے کا احتمال (probability) کیا ہے؟

(a) $\frac{1}{2}$ (b) $\frac{1}{3}$ (c) $\frac{1}{4}$ (d) $\frac{1}{6}$

(Composed By)
Muhammad Ali Photostate Zwl
0322-6681871 https://muhammadaliphotostate.com/
CamScanner

X = قدر 3rd

$\bar{X}$ = 4

عادہ:

$\hat{X}$ = سب سے زیادہ بار آنے والی مد

$\hat{X}$ = ان میں کوئی عادہ نہیں

$n = 5$ چونکہ مدات کی تعداد طاق ہے اس لیے

وسطانیہ:

$\tilde{X}$ = قدر $\frac{n+1}{2}^{th}$

$\tilde{X}$ = قدر $\frac{5+1}{2}^{th}$

$\tilde{X}$ = قدر $\frac{6}{2}^{th}$

معلوماتی معاملات

تفصیلی سوالات

ایف نمبر 12

1۔ درج ذیل میں 10 مزدوروں کی اُجرتیں (روپوں میں) ہیں۔

88, 70, 72, 125, 115, 95, 81, 90, 95, 90.

(i) حسابی اوسط (ii) وسطانیہ (iii) عادہ معلوم کریں

2۔ درج ذیل انگریزی مضمون میں طلبہ کے حاصل کردہ نمبر دیے گئے ہیں:

حاصل کردہ نمبر	15 – 19	20 – 24	25 – 29	30 – 34	35 – 39
تعداد	9	18	35	17	5

معلوم کریں: (i) ان نمبروں کا حسابی اوسط (براہ راست اور مختصر طریقہ سے)

(ii) اِن نمبروں کا وسطانیہ معلوم کریں۔

3۔ درج ذیل تعددی تقسیم دی گئی ہے اس تعددی تقسیم کا عادہ معلوم کریں۔

جماعتی حدود	5 – 9	10 – 14	15 – 19	20 – 24	25 – 29
تعداد	1	8	18	11	2

4۔ مواد کے ایک سیٹ میں درج ذیل قیمتیں ہیں۔ 148, 145, 160, 157, 156, 160

ثابت کریں کہ حسابی اوسط > وسطانیہ > عادہ

5۔ ایک ہوسٹل میں 10 طلبہ کے دوپہر کے کھانے کی ماہانہ حاضریوں کا ریکارڈ کچھ اِس طرح ہے۔

21, 15, 16, 18, 14, 17, 15, 12, 13, 11

حاضریوں کا وسطانیہ اور عادہ معلوم کریں۔

6۔ پانچ مدات اس طرح ہیں: 1, 4, 0, 7, 9 ان کا حسابی اوسط، وسطانیہ اور عادہ معلوم کریں۔

7۔ تقسیم انعامات کے دن 50 طلبہ کے لائے ہوئے جیب خرچ کی تفصیل درج ذیل جدول میں دی گئی ہے۔

روپے	5 – 10	10 – 15	15 – 20	20 – 25	25 – 30
تعداد	12	9	18	7	4

درج بالا مواد کا وسطانیہ اور عادہ معلوم کریں۔

تفصیلی سوالات کے جوابات کے لئے دیکھیں "کیمبرج شرح آل ان ون ریاضی 9"

(Composed By)
Muhammad Ali Photostate Zwl
0322-6681871 https://muhammadaliphotostate.com/

CamScanner

احتمال

مشق نمبر 13

تفصیلی سوالات

1۔ ارشد ایک ڈائس پھینکتا ہے۔ جس کے اطراف میں L, M, N, O, P, U درج ہو۔ ڈائس پر صحیح حرف آنے کا احتمال کیا ہے؟

2۔ اسلم ایک ڈائس پھینکتا ہے۔ ہندسہ 3 یا 4 حاصل ہونے کا احتمال کیا ہوگا؟ نیز ہندسہ 3 یا 4 حاصل نا ہونے کا احتمال بھی معلوم کریں۔

3۔ تاش کے 52 پتوں میں سے ایک پتہ منتخب کیا گیا۔ احتمال کیا ہوگا اگر منتخب شدہ پتہ: (i) غلام ہو (ii) ڈائمنڈ نہ ہو۔

4۔ ایک محقق نے روسی فوج کی ہارس ریکس سے ہونے والی ہلاکتوں کی تعداد کا مواد جمع کیا۔ جدول درج ذیل ہے۔

ہلاکتوں کی تعداد	0	1	2	3	4	5	6
تعداد	60	50	87	40	32	15	10

دیے گئے مواد کی نسبتی تعدد معلوم کریں۔

5۔ 750 نمونوں میں سے ناقص مصنوعات کو جدول درج ذیل دیا گیا ہے۔ دیے گئے جدول کے لیے نسبتی تعدد معلوم کریں۔

ناقص مصنوعات کی تعداد فی نمونہ	0	1	2	3	4	5	6	7	8
نمونوں کی تعداد	120	140	94	85	105	50	40	66	50

6۔ واقفی عامہ پر ایک کوئز کا مقابلہ منعقد کیا گیا۔ سوالات کے 100 بیٹوں کے لیے 5 سوالات میں سے درست جوابات کی تعداد ذیل میں دی گئی ہے۔

X	0	1	2	3	4	5
F	10	20	15	25	18	9

دیے گئے مواد کے لیے نسبتی تعدد معلوم کریں۔

7۔ ایک جماعت کے 108 طلبہ سے ایک سروے کیا گیا۔ اور ان کے پسندیدہ کھانے کے بارے میں پوچھا گیا۔ جوابات درج ذیل ہیں۔

کھانے	بریانی	تازہ جوس	چکن	بار بی کیو	مٹھائی
طلبہ کی تعداد	40	7	21	15	25

(i) کتنے فی صد طلبہ بریانی کو پسند کرتے ہیں؟ (ii) کتنے فی صد طلبہ مرغی پسند کرتے ہیں؟

(iii) طلبہ نے کون سا کھانا سب سے کم پسند کیا؟ (iv) طلبہ کون سے کھانے کو سب سے زیادہ ترجیح دیتے ہیں؟

تفصیلی سوالات کے جوابات کے لئے دیکھیں "کیمبرج سیریز شرح آل ان ون ریاضی 9"

(Composed By)
Muhammad Ali Photostate Zwl
0322-6681871 https://muhammadaliphotostate.com/

CamScanner

احتمال

تفصیلی سوالات

پان نمبر 13

1۔ ارشد ایک ڈائس پھینکتا ہے۔ جس کے اطراف میں L, M, N, O, P, U درج ہو۔ ڈائس پر صحیح حرف آنے کا احتمال کیا ہے؟

2۔ اسلم ایک ڈائس پھینکتا ہے۔ ہندسہ 3 یا 4 حاصل ہونے کا احتمال کیا ہوگا؟ نیز ہندسہ 3 یا 4 حاصل نا ہونے کا احتمال بھی معلوم کریں۔

3۔ تاش کے 52 پتوں میں سے ایک پتہ منتخب کیا گیا۔ احتمال کیا ہوگا اگر منتخب شدہ پتہ: (i) غلام ہو (ii) ڈائمنڈ نہ ہو۔

4۔ ایک محقق نے روسی فوج کی ہارس ریکس سے ہونے والی ہلاکتوں کی تعداد کا مواد جمع کیا۔ جدول درج ذیل ہے۔

ہلاکتوں کی تعداد	0	1	2	3	4	5	6
تعداد	60	50	87	40	32	15	10

دیے گئے مواد کی نسبتی تعدد معلوم کریں۔

5۔ 750 نمونوں میں سے ناقص مصنوعات کو جدول درج ذیل دیا گیا ہے۔ دیے گئے جدول کے لیے نسبتی تعدد معلوم کریں۔

ناقص مصنوعات کی تعداد فی نمونہ	0	1	2	3	4	5	6	7	8
نمونوں کی تعداد	120	140	94	85	105	50	40	66	50

6۔ واقفی عامہ پر ایک کوئز کا مقابلہ منعقد کیا گیا۔ سوالات کے 100 بیٹوں کے لیے 5 سوالات میں سے درست جوابات کی تعداد ذیل میں دی گئی ہے۔

X	0	1	2	3	4	5
F	10	20	15	25	18	9

دیے گئے مواد کے لیے نسبتی تعدد معلوم کریں۔

7۔ ایک جماعت کے 108 طلبہ سے ایک سروے کیا گیا۔ اور ان کے پسندیدہ کھانے کے بارے میں پوچھا گیا۔ جوابات درج ذیل ہیں۔

کھانے	بریانی	تازہ جوس	چکن	بار بی کیو	مٹھائی
طلبہ کی تعداد	40	7	21	15	25

(i) کتنے فی صد طلبہ بریانی کو پسند کرتے ہیں؟ (ii) کتنے فی صد طلبہ مرغی پسند کرتے ہیں؟

(iii) طلبہ نے کون سا کھانا سب سے کم پسند کیا؟ (iv) طلبہ کون سے کھانے کو سب سے زیادہ ترجیح دیتے ہیں؟

تفصیلی سوالات کے جوابات کے لئے دیکھیں "کیمبرج سیریز شرح آل ان ون ریاضی 9"

(Composed By)
Muhammad Ali Photostate Zwl
0322-6681871 https://muhammadaliphotostate.com/

CamScanner